قادیانیوں (نام نہاد احمدیوں) کے جال میں پھنسے ہوئے لوگ

ذرا غور کریں

اور آخرت کی فکر کریں

داعی

حضرت مولانا سید محمد اسماعیل صاحب کٹکی رحمۃ اللہ علیہ

کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند

عرض ناشر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مناظر اسلام حضرت مولانا سید محمد اسماعیل صاحب رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱؍محرم ۱۴۲۶ھ) سابق امیر شریعت اڑیسہ ورکن مجلس شوریٰ دار العلوم دیوبند نے ۱۹۳۲ء میں دار العلوم دیوبند سے فراغت حاصل کرنے کے بعد اپنے علاقہ میں چند سال سرکاری اسکولوں میں تدریسی خدمات انجام دیں پھر قادیانی سرگرمیوں میں اضافہ کی بنا پر تدریسی سلسلہ منقطع فرما کر تحفظ ختم نبوت ورد قادیانیت کے سلسلہ میں اڑیسہ میں خصوصاً اور ملک کے دوسرے حصوں میں عموماً اپنی زندگی وقف فرمادی، جسکے دوران بہت سے مقامات پر قادیانی پنڈتوں سے مناظرے کی نوبت آئی اور عامۃ المسلمین قادیانی گروہ کے مکر وفریب سے بچ گئے۔ انہی زرّیں خدمات کی بنا پر حضرت مرحوم ردّ قادیانیت کے موضوع پر اتھارٹی مانے جاتے تھے۔

۱۹۸۶ء میں دار العلوم دیوبند میں سہ روزہ عالمی اجلاس تحفظ ختم نبوت منعقد ہوا اُس کے بعد کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت کا قیام عمل میں آیا تو حضرت مرحوم اس کے نائب صدر منتخب ہوئے، پھر ۱۹۸۹ء میں جب پہلا دس روزہ تربیتی کیمپ دار العلوم دیوبند میں منعقد ہوا تو آپ نے خصوصی مربی کی حیثیت سے شرکت فرما کر اپنے افادات اور سالہا سال کے کامیاب تجربات سے شرکاء کو مستفید فرمایا۔ اس کے بعد ملک کے

مختلف صوبوں میں کل ہند مجلس کی نگرانی میں تربیتی کیمپ وکانفرنسیں ہوئیں تو بہت سے مقامات پر تشریف لاکر حضرت نے ردّ قادیانیت کے خاص گُر سکھائے۔

حضرت مرحوم اپنے تجربات کی روشنی میں فرمایا کرتے تھے کہ عام لوگوں کو قادیانیت کی حقیقت سمجھانے اور قادیانیوں کو لاجواب کرنے کے لئے لمبی گفتگو کے بجائے مختصر بات چیت کرنی چاہئے؛ جسکو حضرت مرحوم ''ایک منٹ کا مناظرہ'' سے تعبیر فرمایا کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں حضرت نے بہت سے مضامین قلمبند بھی فرمائے ہیں جن کو صحائف کے نام سے موسوم فرمایا ہے، اُن میں سے چند مضامین حوالہ جات وغیرہ کی تحقیق کے بعد زیرنظر کتابچہ میں شائع کئے جارہے ہیں۔ حوالوں میں مرزائیوں نے ''روحانی خزائن'' کے نام سے مرزا کی کتابوں کا جو سیٹ شائع کیا ہے اس کے صفحات درج کئے گئے ہیں اور ''وحی مقدس'' سے مراد مرزا کا الہامی ملغوبہ ''تذکرہ'' ہے۔ جس کا دوسرا نام وحی مقدس بھی مرزائیوں نے رکھا ہے۔

امید ہے کہ یہ مضامین، تحفظ ختم نبوت وردّ قادیانیت کی خدمت انجام دینے والے حضرات کے لئے بہترین مشعل راہ ثابت ہوں گے، واللہ ولی التوفیق.

محمد عثمان منصور پوری

ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت

دارالعلوم دیوبند

۱۴۲۶/۱۲/۲۱ھ